© rasailojaraid.com



ادارہ

# اخبارالاحرار

لاہور (11 فروری) تحریک طلباء اسلام کا ایک اہم اجلاس مرکزی دفتر نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں منعقد ہوا جس کی صدارت مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات میاں محمد اویس نے کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے تحریک طلباء اسلام پاکستان کے مرکزی کنوینر محمد قاسم چیمہ نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے نوجوانانِ احرار اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اور ہر سطح پر منکرین ختم نبوت اور قادیانیوں کا تعاقب جاری رہیگا۔ محمد قاسم چیمہ نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں کفریہ ثقافتی یلغار کا مقابلہ کرنے کیلئے تحریک طلباء اسلام طلباء برادری میں شعور بیدار کرے گی، اور اسلامی نظامِ تعلیم کے عملی نفاذ کیلئے اپنی جدوجہد کو منظم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ۲؍ مارچ کو لاہور میں منعقد ہونے والی ''**سالانہ شہداء ختم نبوت کانفرنس**'' کو کامیاب بنانے کیلئے تحریک طلباء اسلام نے کمیٹیاں قائم کر دی ہیں جو لاہور اور مضافات میں کام کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ 1953ء میں دس ہزار شہداء ختم نبوت نے اپنا خون دے کر تحفظ ختم نبوت کے مشن کی آبیاری کی تھی اور ایک بڑی تعداد ایسی بھی تھی جو نوجوانوں پر مشتمل تھی اور انہوں نے اپنے سینے تان کر تحفظ ناموس رسالت کے محاذ کو گرم رکھا تھا آج بھی ضرورت ہے کہ نوجوان اور طلباء برادری عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور قادیانیوں کی ریشہ دوانیوں کو بے نقاب کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

چنیوٹ (14 فروری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی ناظم (شعبۂ تبلیغ) مولانا محمد مغیرہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسلام ایک آفاقی دین ہے، انسانیت کو انسانوں کی غلامی سے نجات دلانے، منکرین ختم نبوت کا تعاقب کرنا اور استعماری قوتوں کی سازشوں کے خلاف مجلس احرار اسلام نبرد آزما ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نظریہ اور پروگرام میں اتنی جامعیت اور وسعت موجود ہے کہ پوری ملت اسلامیہ ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر عالمی استعماری قوتوں کیخلاف جدوجہد کر سکے، ہمارے موجودہ قائدین نے اپنے اکابر کی درست پالیسیوں کو عوام تک بہتر طریقے سے منتقل کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے تاکہ منفی پراپیگنڈہ کے اثر کو ختم کر کے علماء حق سے وابستہ کیا جائے۔ مجلس احرار اسلام منکرین ختم نبوت کا تعاقب جاری رکھے گی۔ اس موقع پر حافظ محمد طیب نے کہا کہ قادیانی مرزائیوں کی ارتدادی سرگرمیاں حد سے تجاوز کرتی جا رہی ہیں، مرتد اپنے آپ کو احمدی کہلا کر مسلمان نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ مرزائیوں نے ارتداد کی تبلیغ کا سلسلہ قائم کرنے کیلئے مختلف ہتھکنڈے استعمال کرنا شروع کر دیئے ہیں، ان کی اس سازش کے پیچھے امریکہ، اسرائیل اور بھارت کا ہاتھ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے۔مہر اظہر وینس نے کہا کہ قادیانی سوشل میڈیا پر اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر کے معصوم مسلمانوں کو گمراہ کر رہے ہیں انٹرنیٹ پر ان کی ارتدادی سرگرمیوں پر حکومت کو ان کے خلاف ایکشن لینا چاہیے۔

لاہور (رپورٹ: قاری محمد قاسم) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ 15۔ فروری کی شام لاہور تشریف لائے اور رات کو جماعت اسلامی پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر فرید احمد پراچہ کی صاحبزادی کی تقریب نکاح میں شرکت کی، میاں محمد اویس اور محمد قاسم چیمہ بھی ہمراہ تھے، انہوں نے تقریب میں موجود قومی وسیاسی اور دینی رہنماؤں سے ملاقات اور تبادلۂ خیال کیا۔۱۶ رفروری کو وہ دفتر مرکز یہ میں دفتری اور تنظیمی امور میں مصروف رہے اور بعد نماز مغرب لاہور جماعت کے ارکان ومعاونین کے اجتماع سے تربیتی خطاب کیا جبکہ لاہور جماعت کے پرانے بزرگوں اور نئے ساتھیوں نے پرعزم ہو کر کام کرنے کا عہد کیا، میاں محمد اویس، حاجی عبداللطیف، قاری محمد یوسف احرار اور دیگر نے بھی خطاب کیا، رات کو مجاہد ختم نبوت جناب طاہر عبدالرزاق، منصور اصغر راجہ، عامر اعوان، جناب فاروق احمد خاں اور دیگر حضرات ملاقات کے لیے تشریف لائے۔اگلے روز 17 رفروری کو عبداللطیف خالد چیمہ صاحب نے مارچ میں مختلف مقامات پر ہونے والی ''شہداءِ ختم نبوت کانفرنسوں'' کے انعقاد کے سلسلہ میں مختلف امور نمٹائے اور شام کو چیچہ وطنی روانہ ہو گئے۔

ساہیوال (21 رفروری) ''تحریک انسداد سود'' کی اپیل پر مجلس احرارِ اسلام اور انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ نے ساہیوال ڈویژن میں سودی معیشت کے خلاف مختلف اجتماعات میں صدائے احتجاج بلند کی اور سودی نظام کو ختم کر کے اسلامی معاشی نظام رائج کرنے کے لیے قراردادیں منظور کرائیں، مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے مسجد شہداء فرید ٹاؤن ساہیوال میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سودی نظام نے ملک کی معاشی اور اقتصادی پالیسیوں کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔حکمران اور رولنگ کلاس شریعت کورٹ کے فیصلے پر عمل درآمد میں رکاوٹ ہے، میاں نواز شریف کی حکومت کے پاس موقع ہے کہ وہ سپریم کورٹ سے سود کے حق میں دائر اپیل واپس لے اور ملک کو IMF اور ورلڈ بنک کے شکنجے سے آزاد کرائے انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ کے رہنما قاری منظور احمد طاہر، قاری بشیر احمد، مولانا عبدالباسط اور مولانا منظور احمد سمیت دیگر علماء کرام نے اپنی اپنی مساجد میں ''تحریک انسدادِ سود'' کی مہم کی تائید و حمایت کا اعلان کرتے ہوئے سود کے خلاف قراردادیں منظور کروائیں، عبداللطیف خالد چیمہ نے ساہیوال میں جماعۃ الدعوۃ کے زیر اہتمام ''اتحادِ اُمت کانفرنس'' سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج شریعت اور آئین کو متصادم کہنے والے آئین پاکستان کو پڑھ لیں، قراردادِ مقاصد اس کا دیباچہ ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ دینی جماعتیں آئین پر عمل درآمد



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے لیے متحد ہو جائیں، انہوں نے کہا کہ 1952ء میں تمام مکاتب فکر نے 23 نکاتی دستوری خاکے میں اسلامی نظام کے جملہ خدوخال واضح کر دیئے تھے، انہوں نے کہا کہ مسلمانوں میں فرقہ واریت اور اختلافات پیدا کرنے والوں کو ناکام بنانے کے لیے تمام مکاتب فکر کو عقیدۂ ختم نبوت جیسی مضبوط ترین قدرِ مشترک پر اکٹھے ہو جانا چاہیے، انہوں نے کہا کہ طالبان سے مذاکرات کو سبوتاژ کرنے والی قوتیں اسلام، پاکستان اور نواز شریف کی دشمن ہیں، انہوں نے کہا کہ بلاول زرداری بھٹو اپنی شریعت اپنے پاس رکھیں اور قوم پر اپنا الحاد نافذ کرنے کی کوشش ترک کر دیں۔

لاہور (21رفروری) سود کے خلاف مہم کے سلسلہ میں ''تحریک انسداد سود'' کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے کنونیئر مولانا زاہدالراشدی نے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ 1973ء کا آئین اسلامی نظام کے نفاذ اور سود کے خاتمے کی ضمانت دیتا ہے جبکہ حکمران 1973ء کے آئین اور سود کے حوالے سے عدالتی فیصلوں سے مسلسل انحراف کر رہے ہیں، مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ سودی نظام نے ملکی معیشت اور امن تباہ کر دیا ہے، حکمران ملک میں امن اور معیشت کا استحکام چاہتے ہیں تو سودی نظام ختم کر دیں، سود اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھلی جنگ ہے اور حکمران یہ جنگ کبھی نہیں جیت سکتے، مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد یوسف احرار اور دیگر رہنماؤں نے مختلف مقامات پر خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ 67 سالوں سے سودی نظامِ معیشت نے ملک کی اقتصادی وسیاسی جڑوں کو کھوکھلا کر کے رکھ دیا ہے، انہوں نے کہا کہ موجودہ تمام مسائل کا واحد حل اسلامی نظامِ حیات کو نافذ کرنے میں ہے، انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کی توثیق کی لیکن حکمران اور رولنگ کلاس آئین اور عدالتی فیصلوں کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، انہوں نے کہا کہ طالبان کے ساتھ مذاکرات کا انکار اور وزیرستان میں فوجی آپریشن ملک و ملت کے مفادات میں نہیں ہے۔

لاہور (23رفروری) تحریک طلباء اسلام لاہور کے کارکنان کا ایک اہم اجلاس مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی دفتر نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں منعقد ہوا جس میں طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی، اس اجلاس کی صدارت مجلس احرار اسلام کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات میاں محمد اویس نے کی، جس کے مہمان خصوصی قاری محمد یوسف احرار تھے۔ میاں محمد اویس نے اپنے صدارتی بیان میں کہا ہے کہ طلباء قوم کا عظیم سرمایہ ہیں ان کو عصری تعلیم کے ساتھ دینی تعلیم کی بھی اشد ضرورت ہے تاکہ یہ اپنے دین سے واقف ہوں اور فتنوں کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ فتنوں کا دور ہے طلباء کو اس سے آگاہ کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ تحریک طلباء اسلام کے مرکزی کنوینر محمد قاسم چیمہ نے تحریک کے اغراض ومقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ ہم طلباء اپنی دینی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھانے کی ہر ممکن



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کوشش کریں گے اور اپنے اسلاف کی طرح تحفظ ختم نبوت کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، ہماری جوانیاں اس نیک مقصد پر صرف ہوجائیں تو یہی ہماری کامیابی ہوگی انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو کسی صورت کفر والحاد کی نرسریاں نہیں بننے دیں گے اور نظریہ اسلام اور نظریہ پاکستان کے تحفظ کیلئے طلباء کی ذہن سازی کیلئے تربیتی کورسز کا اہتمام کیا جائے گا۔ قاری محمد قاسم نے کہا کہ جب تک حکومت الٰہیہ کا نفاذ عمل میں نہیں آتا ملک میں امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ ثاقب افتخار نے کہا کہ طلباء کو قادیانیوں کی ارتدادی سرگرمیوں سے ہر وقت آگاہ رہنا چاہیے، احمد شفیق اور سعد عامر نے کہا کہ نیٹ پر قادیانیوں کی گمراہ کن ارتدادی سرگرمیوں کا راستہ روکنے کے لیے ہمیں بھی میڈیا کے محاذ کو پوری طرح سنبھالنا چاہئے۔ اجلاس حافظ محمد منیب کی تلاوت سے شروع ہوا، اس موقع پر دیگر طلباء نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا جن میں قاضی محمد حارث، محمد ابوبکر قصوری، محمد عثمان، محمد اعجاز، محمد وقاص وغیرہ شامل ہیں۔

چنیوٹ (24 رفروری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر سید محمد کفیل بخاری نے بوہرے شریف (چناب نگر) جامع مسجد رحمت اللعالمین میں سیرت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نبی خاتم سیدنا محمد کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکمیلی شان کے ساتھ اس دنیا میں مبعوث فرمایا اور آپ کے وجود مقدس پر نبوت و رسالت اور دینِ اسلام کو مکمل فرمادیا۔ اس طرح نبی خاتم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو بھی مبعوث فرمایا جو آخری امت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں آخری نبی ہوں اور تم آخری امت ہو۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم امتِ محمدیہ میں خیرِ امت ہیں۔ وہی کامل ایمان والے اور ہدایت یافتہ ہیں۔ قرآن کریم میں صحابہ کی اتباع کا حکم دیا گیا ہے۔ اس لیے کہ قرآن وحدیث اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کامل جماعت کے ذریعے ہی امت کو ملے۔ صحابہ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور امت کے درمیان واحد واسطہ ورابطہ ہیں۔ ان پر عدم اعتماد ایمان سے محروم ہونے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ قادیانیت ایک بہت بڑا فتنہ ہے جس نے مسلمانوں کو اپنی لپیٹ میں لینے کے لئے پر پھیلا رکھے ہیں، قادیانی اپنے مغربی آقاؤں کی شہ پر سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی مذموم کوششیں کررہے ہیں، ان کی ان ارتدادی سرگرمیوں کی سرکوبی کیلئے امت مسلمہ کو یکجا ہوکر ان کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تحفظ ختم نبوت ہمارے ایمان کا بنیادی جزو ہے، عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے ہم ہر قربانی دینے کے لئے ہر وقت تیار ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وناموس پر کسی صورت آنچ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مسلمانوں کو اپنے دین اسلام کی دعوت کو عام کرنے کے لئے دنیا کے ہر کونے میں جانے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔



© rasailojaraid.com